## گڈانی کے سمندر میں متعدد افراد کے ڈوب کر جاں بحق ہونے کے واقعہ پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15، اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گڈانی کے سمندر میں کراچی سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد کے ڈوب کر جاں بحق ہونے کے المناک واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی کے متعدد افراد کی ناگہانی ہلاکت کا واقعہ افسوسناک ہے اور اس واقعہ پر دردمند دل رکھنے والا ہر پاکستانی افسردہ ہے۔جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، وزراء، مشیران، اراکین اسمبلی اور شعبہ جات کے اراکین نے عیدالفطر کی نماز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی

## جناح گراؤنڈ اور نائن زیرو پر عوام وکارکنان سے عید ملی، شہداء کی قبروں پر حاضری اور فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔14، اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور مختلف شعبہ جات کے اراکین نے عیدالفطر کی نماز عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں ادا کی۔عیدالفطر کی نماز کی پڑھنے والوں میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری ایڈوکیٹ، شاہد لطیف، ڈاکٹر عاصم رضا، ڈاکٹر نصرت، نیک محمد، حق پرست وفاقی وزراء اقبال محمد علی، شمیم صدیقی، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، صوبائی وزراء سید سردار احمد، رؤف صدیقی، محمد حسین، ڈاکٹر صغیر احمد، صوبائی مشیران وسیم اختر، حامد عابدی، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ کے اراکین شامل تھے۔اس موقع پر اجتماعی دعا کی گئی جس میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، استحکام، مصائب ومشکلات میں مبتلا لوگوں کے مسائل کے حال اور پریشانیوں سے نجات، عوام کے درمیان اتحاد ویکجہتی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، وزراء، مشیران اور اراکین اسمبلی عوام میں گھل مل گئے اور عوام سے عید ملی اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر آنے والے عوام وکارکنان سے عید ملی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔عیدالفطر کے موقع رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی نے عزیز آباد کے شہداء اور پاپوش نگر کے قبرستان جاکر تحریک کے شہداء اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والد محترم نذیر حسین مرحوم اور والدہ محترمہ خورشید بیگم کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے جناب الطاف حسین کے والدین اور حق پرست شہداء کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور پارٹی کے ذمہ داران وکارکنان کو عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی

کراچی۔۔۔14، اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو ٹیلیفون کرکے رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، اراکین اسمبلی، تمام شعبہ جات، ونگز اور نائن زیرو پر جمع کرنے کیلئے زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے تمام ذمہ داران وکارکنان سے کہا کہ آپ لوگ میری جانب سے اپنے اہل خانہ، بال بچوں اور والدین کو بھی عید الفطر کی بہت بہت مبارکباد دیں اور سلام کہیں۔اس موقع پر تمام ذمہ داران وکارکنان نے بھی جناب الطاف حسین کو اپنی جانب سے عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے دعا کی کہ جس مشن ومقصد کیلئے ہم نے تحریک شروع کی ہے اللہ تعالیٰ اس میں ہمیں کامیابی عطا فرمائے اور سب ساتھیوں میں مزید اتحاد، اتفاق ویکجہتی پیدا کرے۔تحریک کے شہیدوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے، لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے، اسیروں کو جلد رہائی عطا فرمائے، تحریک کو گروپ بندیوں اور آپس کی ناچاکیوں سے محفوظ فرمائے اور ایم کیوایم کے دائرہ کار کو مزید وسعت عطا فرمائے۔جناب الطاف حسین نے گزشتہ دنوں کورنگی میں آتشزدگی کے واقعہ میں جھلس کر جاں بحق ہونے والے

کارکنوں اور ہمدردوں کے ایصال ثواب کیلئے بھی دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان تمام شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم کینیڈا کی جانب سے تمام پاکستانیوں، قائد تحریک الطاف حسین اور تمام ذمہ داروں و کارکنوں کو عید کی مبارکباد عید کی خوشیوں میں اپنے غریب و مستحق بیواؤں، یتیموں، ناداروں اور مساکین کو یاد رکھیں۔ایم کیوایم کینیڈا

ٹورنٹو۔۔۔14، اکتوبر 2007ء۔۔۔ایم کیوایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی اور قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر اور اراکین کمیٹی نے کینیڈا میں مقیم تمام پاکستانیوں کو عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے تمام پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ عید کی خوشیوں میں اپنے غریب و مستحق بیواؤں، یتیموں، ناداروں اور مساکین کو یاد رکھیں اور ان کی ہر ممکن مدد کریں اور اپنے عطیات خدمت خلق کمیٹی کو دیں جو غریب و مستحق افراد کی زیادہ سے زیادہ امداد کر رہی ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور تحریک کے تمام ذمہ داران و کارکنان کو بھی عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعا کریں

☆☆☆☆☆